# قربانی کے جانور کا ذبح کے وقت بہنے والے خون کا حکم

**مجیب:** مفتی محمد قاسم عطاری

**فتوی نمبر:** Book-173

**تاریخ اجراء:** 02 محرم الحرام 1440ھ/13 ستمبر 2018ء

## دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مندرجہ ذیل سوالات کے بارے میں کہ:

(1) ذبح کے وقت قربانی کے جانور کا جو بہتا خون نکلتا ہے، کیا وہ ناپاک ہوتا ہے؟

(2) کیا دودھ پیتے بچے کا پیشاب ناپاک ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

(1) دیگر جانوروں کے خون کی طرح قربانی کے جانور کا بہتا خون بھی ناپاک ہے۔

اللہ تبارك وتعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:﴿قُلْ لَّاۤ اَجِدُ فِیْ مَاۤ اُوْحِیَ اِلَیَّ مُحَرَّمًا عَلٰى طَاعِمٍ یَّطْعَمُهٗۤ اِلَّاۤ اَنْ یَّكُوْنَ مَیْتَةً اَوْ دَمًا مَّسْفُوْحًا اَوْ لَحْمَ خِنْزِیْرٍ فَاِنَّهٗ رِجْسٌ الخ﴾ترجمہ: تم فرماؤ: میری طرف جو وحی کی جاتی ہے اس میں کسی کھانے والے پر میں کوئی کھانا حرام نہیں پاتا، مگر یہ کہ مردار ہو یا رگوں میں بہنے والا خون ہو یا سور کا گوشت ہو، کیونکہ وہ ناپاک ہے۔(پارہ 8، سورۃ الانعام، آیت 145)

بہارِ شریعت میں ہے:"خشکی کے ہر جانور کا بہتا خون مردار کا گوشت اور چربی۔۔ یہ سب نجاست ِغلیظہ ہیں۔"(بہارِ شریعت، ج 1، ص 390 تا 391، مطبوعہ مکتبۃ المدینہ، کراچی)

اور مفتی احمد یار خان نعیمی رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہِ ارشاد فرماتے ہیں:"بہتا خون حرام بھی ہے اور نجس بھی۔"(مرآۃ المناجیح، ج 1، ص 265، مطبوعہ، نعیمی کتب خانہ، گجرات)

(2) جی ہاں! دودھ پیتے بچے کا پیشاب بھی ناپاک اور نجاستِ غلیظہ ہے۔

الاختیار لتعلیل المختار میں نجاستِ غلیظہ کی بحث میں ہے:”وکذلک بول الصغیر والصغیرۃ اکلا اولا“
ترجمہ: اسی طرح چھوٹے بچے اور بچی کا پیشاب بھی نجاست غلیظہ ہے، کھانا کھاتے ہوں یا نہ کھاتے ہوں (بہر صورت حکم ایک ہی ہے)۔(الاختیار لتعلیل المختار، ج1، ص32، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ، بیروت)

اعلیٰ حضرت رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ اسی طرح کے ایک سوال کے جواب میں ارشاد فرماتے ہیں:”آدمی کا بچہ اگرچہ ایک دن کا ہو، اس کا پیشاب ناپاک ہے اگرچہ لڑکا ہو۔“(فتاوی رضویہ، ج4، ص556، مطبوعہ، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

اور صدر الشریعہ مفتی محمد امجد علی اعظمی رَحْمَۃُ اللہِ عَلَیْہ ارشاد فرماتے ہیں:”دودھ پیتے لڑکے اور لڑکی کا پیشاب نجاست غلیظہ ہے۔ یہ جو اکثر عوام میں مشہور ہے کہ دودھ پیتے بچوں کا پیشاب پاک ہے، محض غلط ہے۔“(بہارِ شریعت، ج1، ص390، مطبوعہ مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net